# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت:دوم | مضمون:اردو |
| ہفتہ:1 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: اپنا اور اپنے اسکول کا تعارف | |

**مقاصد:** اپنا تعارف کرو اسکیں۔

اپنی جماعت اور اسکول کے بارے میں جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔ ٹوکری، رنگ برنگے غبارے (نیلا، پیلا، سبز)، تین مختلف رنگوں کی پرچیاں





**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- پہلے دن کو ایک دوسرے سے تعارف کے لیے مخصوص رکھیں تاکہ باقی سال بہتر انداز اور خوش گوار ماحول میں تدریس ممکن ہو سکے۔
- بچوں سے ہلکے پھلکے انداز میں گفتگو کریں تاکہ بچے آپ سے جھجک محسوس نہ کریں بلکہ بڑے آرام سے بات کر سکیں۔
- اب ایک ٹوکری میں مختلف رنگوں کے غبارے جماعت میں لائیں۔
- جماعت میں بچوں کے سامنے غباروں والی ٹوکری لائیں اور ہر بچے کو ایک ایک غبارہ اُٹھانے کو کہیں۔
- اب دیکھیں کہ پیلے رنگوں والے غبارے جن بچوں کے پاس ہیں ان کو ایک گروہ میں بیٹھا دیں۔
- اسی طرح نیلے غباروں والے بچوں کو الگ اور سبز والوں کو الگ الگ بیٹھالیں۔
- اس کے بعد بچوں میں غباروں میں ہوا بھرنے کا مقابلہ کروائیں۔ جو ٹیم زیادہ اور جلدی غباروں میں ہوا بھر لے گی وہ یہ مقابلہ جیت جائے گی۔





**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- بچوں کو اپنا تعارف کروائیں اور کہیں کہ میں جماعت دوم کا / کی استاد ہوں۔
- مجھے آپ سے مل کر بہت اچھا لگا اپنی پسند اور ناپسند کے بارے میں بات کریں۔ بچوں کو بتائیں کہ مجھے لڑنا اچھا نہیں لگتا۔
- اسی طرح پسندیدہ کھانے، پھول، جگہ اور کتاب کے بارے میں بتائیں۔
- بچوں سے کہیں کہ اب ہر بچہ جماعت کے سامنے آئے اور اپنے بارے میں بتائے۔
- بچوں کو یہ ہدایت کریں کہ کوئی بھی بات کرنے سے پہلے سلام کرنی چاہیے۔
- اس لیے جب آپ اپنا تعارف کروانے آئیں گے تو پہلے سلام کریں۔
- یہ بھی بتائیں کہ جماعت میں ایک دوسرے کے ساتھ مل جل کر رہنا ہے ایک دوسرے کی مدد کرنی ہے اور کسی سے لڑائی جھگڑا نہیں کرنا۔
- اس کے بعد بچوں کو جماعت میں ایک دوسرے سے متعارف کروانے کے لیے ہر بچے کو تین تین مختلف رنگوں کی پرچیاں دیں۔
- بچوں کو ہدایت دیں کہ اِن پرچیوں میں سے پہلی پر اپنا نام، اپنے والد اور والدہ کا نام۔
- دوسری پرچی پر پسندیدہ پھل اور تیسری پرچی پر اپنا پسندیدہ کھیل اور پسندیدہ رنگ لکھیں۔

- جب سب بچے لکھ لیں تو ایک ایک بچے کو بلائیں اور زبانی اپنا تعارف کروانے کے ساتھ ساتھ اِن پرچیوں کو بورڈ پر چسپاں کرنے کی ہدایت دیں۔
- اس سرگرمی سے سب بچے ایک دوسرے کے نام کے ساتھ ساتھ اُن کے پسندیدہ پھل اور کھیل کے بارے میں بھی جان لیں گے۔
- اس کے بعد بچوں کو بتائیں کہ ایک دوسرے سے تعارف کے بعد آج ہم آپ کو آپ کے اسکول کی سیر بھی کروائیں گے۔
- بچوں کو ایک ٹرین کی صورت میں ایک دوسرے کے پیچھے لائن کی صورت کھڑا کریں اسکول کے مختلف حصوں، مثلاً کھیل کا میدان، لائبریری، پرنسپل کا آفس ،کمپیوٹر لیب اور کینٹین وغیرہ کی سیر کے لیے لے کر جائیں اور انھیں ان تمام جگہوں کو دکھاتے ہوئے ان کے بارے میں معلومات دیں۔
  جیسے کھیل کے میدان کے بارے میں بتائیں کہ اسکول میں بریک کے دوران آپ اس میدان میں کھیلیں گے۔
- لائبریری سے آپ اپنی پسند کی کتاب لے کر پڑھ سکیں گے۔
- کمپیوٹر لیب کے بارے میں بتائیں کہ آپ یہاں پر موجود کمپیوٹر سے کمپیوٹر پر کام کرنا سیکھیں گے اور کینٹین کے بارے میں بتائیں کہ یہاں سے آپ مزے مزے کی چیزیں لے کر کھا سکیں گے۔
- سیر کے بعد بچوں کو دوبارہ جماعت میں لے آئیں اور فرداً فرداً بچوں کو ہدایت کریں کہ وہ سامنے آئیں اور بتائیں کہ ان کو اسکول کا کون سا حصہ زیادہ پسند آیا؟
- ان کو اسکول کی سیر کیسی لگی؟

**اعادہ:** (3منٹ) بچوں کو بتائیں کہ آج تعارفی دن ہے اور تمام بچے ایک دوسرے کو اپنا تعارف کروائیں گے۔

**جائزہ:** (5منٹ) جماعت کے تمام بچوں کو ہدایت کریں کہ وہ باری باری جماعت کے سامنے آکر بچوں کو اپنے بارے میں اور اپنی پسند ناپسند کے بارے میں مختصراً بتائیں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) گھر سے اپنے گھر والوں کے بارے میں معلومات لے کر آنی ہیں اور ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

# ورک شیٹ

اپنے اور اپنے خاندان کے بارے میں چند جملے لکھیں۔



# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: دوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ: 1 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 2 | سبق کا نام: اپنی کتاب کا تعارف | |

**مقاصد:** اپنی کتاب اور سابقہ تصورات کا اعادہ کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت کے کوئی سے پانچ بچے چن لیں اور اس سے مختلف سوالات کریں۔
- **آپ کو نئی جماعت میں آنا کیسا لگا؟**
- **آپ نے جماعت میں کون کون سے دوست بنا لیے ہیں؟**
- **آپ کو اسکول کی کون سی جگہ سب سے زیادہ اچھی لگی؟**
- درست جواب ملنے کی صورت میں اُس کی حوصلہ افزائی کریں اور تالیاں بجائیں۔
- اس کے بعد جماعت کے بچوں کے دو گروہ بنا دیں۔
- ان کا ایک ایک لیڈر بھی مقرر کر دیں۔
- دونوں گروہوں کو ایک ایک سادہ شیٹ دے دیں۔
- دونوں گروہوں سے کہیں کہ وہ دوسرے گروہ کے کسی پانچ بچوں کے نام لکھیں، جو گروہ یہ کام جلدی مکمل کرلے گا وہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔

## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)

- اب استاد بچوں کو جماعت دوم کی کتاب دکھائیں اور انھیں بھی اپنے بستے میں سے ویسی ہی کتاب نکالنے کے لیے کہیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ یہ ان کی اردو کی کتاب ہے۔ اس میں مزے مزے کی کہانیاں اور نظمیں ہیں۔ ہم روز اس کتاب کو تھوڑا تھوڑا پڑھیں گے اور اچھی باتیں سیکھیں گے۔
- بچوں کو بتائیں کہ جس طرح آپ کا، میرا، ہم سب کا نام ہے۔ اس طرح اس کتاب کا بھی ایک نام ہے، کیا آپ یہ نام جاننا چاہیں گے ؟
- بچوں کو بتائیں کہ یہ اردو کی کتاب ہے۔
- ہر بچے کے پاس جا کر اس سے کتاب کا آغاز اور اختتام نکالنے کو کہیں، صفحے الٹنے اور پلٹنے کو کہیں۔
- بچوں کو کتاب بستے میں سے نکالنے اور واپس رکھنے میں ان کی راہ نمائی اور مدد کریں۔
- بچوں سے سوال کریں کہ گزشتہ جماعت میں انھوں نے جو باتیں سیکھیں، ان میں سے ایک ایک بات اپنے ساتھیوں کو بھی بتائیں۔
- بچوں سے درست جواب ملنے کی صورت میں اُن کی حوصلہ افزائی کریں اور تالیاں بجائیں۔

| |
|---|
| • پچھلی جماعت کے تصورات کے اعادہ کے لیے بورڈ پر چند جملے لکھیں اور متفرق بچوں سے ان جملوں کی پڑھائی کروائیں۔<br>• اسی طرح مختلف تصورات کا اعادہ کروائیں۔ |
| **اعادہ:**(۳منٹ)بچوں کو ان کی کتاب کے بارے میں مختصر اًبتا دیں۔ |
| **جائزہ:**(۵منٹ)بورڈ پر چند الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے جملے بنوائیں۔ |
| **گھر کا کام:**(۲منٹ)گھر سے اپنے گھر والوں کے بارے میں پانچ پانچ جملے لکھ کر لانے ہیں اور ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔ |

# ورک شیٹ

دیے گئے الفاظ کے جملے لکھیں۔

| الفاظ | جملے |
| --- | --- |
| انسان | |
| مچھلی | |
| پانی | |
| میز | |
| بستہ | |
| پھول | |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: دوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ: 1 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 3 | سبق کا نام: حمد | |

**مقاصد:** حمد درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔ صفحہ نمبر 3۔ پرچیوں کا ڈبا۔ بچوں کے ناموں کی پرچیاں

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت کے بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھائیں اور خود درمیان میں بیٹھ جائیں۔
- بچوں سے سوال کریں جیسے:
- ہم سب کو کس نے تخلیق کیا؟
- ہم سب کس کی عبادت کرتے ہیں؟
- ہم سب کا رازق کون ہے؟
- تمام بچوں سے ان سوالات کے فرداً فرداً جواب حاصل کریں۔
- اس کے بعد بچوں کو بتائیں کہ ہم سب کا رازق، خالق اور مالک صرف اللہ تعالیٰ ہی ہے۔ اسی لیے ہمیں اس کی ہی عبادت کرنی چاہیے۔
- اپنے مسائل کے حل کے لیے بھی اللہ تعالیٰ ہی سے رجوع کرنا چاہیے۔
- آج ہم اللہ تعالیٰ کی تعریف میں لکھی گئی نظم "حمد" پڑھیں گے۔

## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)




- بچوں کو بتائیں کہ جس نظم میں اللہ تعالیٰ کی تعریف بیان کی جائے، اسے "حمد" کہتے ہیں۔ بچوں کو بتائیں کہ آج ہم ایک خوب صورت سی حمد پڑھیں گے۔
- سبق کے آغاز سے پہلے ایک سرگرمی کریں۔
- نظم "حمد" میں دیے گئے "تلفظ سیکھیں" کے الفاظ کی پرچیاں تیار کر لیں، جہاں ضروری ہو اعراب کا خاص خیال رکھیں اور وہ پرچیاں ایک ڈبے میں ڈال دیں۔
- بچوں کے مختلف گروہ بنا کر وہ پرچیوں والا ڈبا ان کے سامنے کریں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ اس میں سے ایک ایک پرچی اٹھا لیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ پرچیاں کھولیں اور ان پر لکھے ہوئے الفاظ درست تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔
- جو بچہ درست تلفظ کے ساتھ الفاظ پڑھے، اس کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- بعد ازاں وہ الفاظ بورڈ پر لکھ کر با آواز بلند پڑھائیں۔ اس کے بعد بچوں سے پرچیاں لے کر اسے دیوار پر چسپاں کر کے ایک لفظی دیوار بنا دیں۔
- بچوں کو کتاب کا صفحہ نمبر 3 کھول کر دکھاتے ہوئے ہدایت دیں کہ وہ بھی اپنی اپنی کتاب کا صفحہ نمبر 3 کھولیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ اللہ تعالیٰ اس کائنات کا خالق و مالک ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ہمارے لیے دنیا کی ہر چیز بنائی۔ ہمیں ان نعمتوں پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا چاہیے۔
- حمد کی بلند خوانی نمونے کے طور پر پہلے خود کریں۔ ہر مصرع درست تلفظ اور ترنّم سے پڑھیں نیز پڑھتے ہوئے تاثرات کا خصوصی خیال رکھیں۔

| |
|---|
| • مشکل الفاظ کے معانی ساتھ ساتھ بورڈ پر لکھ کر ان کا درست تلفظ اور مفہوم بتائیں۔<br>• ہر شعر کی پڑھائی کے ساتھ ساتھ بچوں کو اس کا مطلب بھی آسان الفاظ میں بتاتے جائیں۔<br>• اس کے بعد بچوں سے نظم کی پڑھائی کروائیں۔ |
| **اعادہ:**(3منٹ)بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا مختصراً اعادہ کروادیں۔ |
| **جائزہ:**(5منٹ)متفرق بچوں سے حمد کی پڑھائی کروائیں۔ |
| **گھر کا کام:**(۲منٹ)حمد کی پڑھائی کی مشق کر کے آنی ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: دوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ: 1 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 4 | سبق کا نام: حمد | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔ صفحہ نمبر 4۔ الفاظ پر مشتمل پرچیاں

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)



- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں سے کہیں کہ ہر لفظ کا کوئی نہ کوئی مطلب ضرور ہوتا ہے۔ ہم سب کے ناموں کے بھی مطالب ہیں۔
- آج ہم ایک دل چسپ سرگرمی کے ذریعے ایک دوسرے کے ناموں کے مطالب جانیں گے۔
- بچوں کو ایک دائرے کی شکل میں کھڑا کریں اور خود درمیان میں کھڑے ہو جائیں۔
- اب ایک گیند لیں اور بچوں سے کہیں کہ وہ ایک سے دوسرے کو آگے بڑھاتے جائیں اور دس تک گنتی گننی شروع کریں۔
- جس بچے پر دس آئے گا اس بچے سے اس کا نام پوچھیں اور اس بچے کو اس کے نام کا مطلب بتائیں۔
- اسی طرح یہ سرگرمی متفرق بچوں سے کروائیں تاکہ بچوں میں پڑھائی کے لیے جوش بڑھ جائے۔
- اس کے بعد بچوں کو بتائیں کہ آج ہم سبق حمد میں موجود مشکل الفاظ کے معانی جانیں گے۔

## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)

- بورڈ پر کتاب کے صفحہ نمبر 4 پر موجود تمام الفاظ لکھ دیں اور جماعت کے تمام بچوں کی چار سے پانچ مرتبہ بلند خوانی کرائیں۔
- الفاظ کے معانی بھی بچوں کو تفصیل سے سمجھا دیں پھر پرچیوں پر الفاظ لکھ کر پرچیاں تیار کر لیں۔
- ہر لفظ کی دو پرچیاں تیار ہوں۔
- جماعت کو دو حصوں میں تقسیم کریں اور ہر گروہ کو تمام الفاظ کی ایک ایک پرچی دے دیں۔
- ان سے کہیں کہ آپس میں بات چیت کریں اور ان الفاظ کے معانی سمجھنے کی کوشش کریں۔
- اس سرگرمی کے لیے انھیں پانچ منٹ کا وقت دیں۔ بچوں کے ساتھ بات چیت کرنے کے دوران میں بورڈ پر دو کالم بنالیں۔
- ایک کالم میں صفحہ 4 کے تمام الفاظ لکھ لیں اور دوسرے کالم میں بچوں کی جانب سے آنے والے الفاظ کے معانی لکھیں۔
- دونوں گروہوں کو باری باری الفاظ کے معانی بتانے کا موقع دیں۔ اگر کوئی گروہ غلط معانی بتائے تو بھی اُس جواب کو بورڈ پر لکھ دیں۔
- جوابات بورڈ پر لکھنے کے بعد کانٹ چھانٹ شروع کریں۔
- درست معانی لکھے رہنے دیں جبکہ غلط معانی مٹا دیں۔
- اس کے بعد تمام بچوں کو الفاظ کے معانی بلند آواز میں پڑھائیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو مختصراً الفاظ کے معانی سمجھا دیں۔

| |
|---|
| **جائزہ:**(5 منٹ) بورڈ پر چند الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے معانی لکھوائیں۔ |
| **گھر کا کام:**(2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے اور ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔ |

# ورک شیٹ

دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔

| معانی | الفاظ |
| --- | --- |
| | بخشش |
| | کمائی |
| | جہان |
| | نیند بھرنے کو |
| | بڑائی |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: دوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ: 1 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 5 | سبق کا نام: حمد | |

**مقاصد:** سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔ صفحہ نمبر 4۔ سوالات پر مشتمل پرچیاں

**تحریکی سرگرمی:** (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں کے دو گروہ بنا دیں اور دونوں گروہ کو ایک ایک شیٹ دیں، جن پر دو دو سوال بچوں کی پسند ناپسند کے متعلق لکھے ہوں۔
- ایک گروہ کے بچوں سے کہیں کہ وہ دوسرے گروہ سے شیٹ پر لکھے ہوئے سوالات سے متعلق پوچھیں۔
- دوسرے گروہ کے بچے ان کے جوابات دیں گے۔
- پھر اسی طرح دوسرے گروہ کے بچے پہلے گروہ کے بچوں سے سوال پوچھیں اور پہلے گروہ کے بچے ان کے جواب دیں گے۔
- جس گروہ کے بچے سوالات کے درست جواب دیں گے، وہ گروہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔
- اس کے بعد بچوں کو بتائیں کہ آج ہم سبق سے متعلقہ سوالات کے جوابات جانیں گے۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25 منٹ)

- جماعت کے بچوں کو سوالات کے جوابات اچھی طرح سمجھا دیں۔
- اس کے بعد بچوں سے زبانی طور پر سوالات کے جوابات حاصل کرنے کے لیے صفحہ نمبر 4 پر دیے گئے سوالات اور جوابات الگ الگ پرچیوں پر لکھ کر جماعت میں لائیں اور اِن پرچیوں کو جماعت کے بچوں میں تقسیم کر دیں۔
- بچوں سے کہیں کہ اپنے پاس موجود پرچیوں پر لکھے ہوئے سوالات اور جوابات کو پڑھیں۔
- اب جن بچوں کے پاس سوالات کی پرچیاں ہوں وہ بورڈ کے دائیں جانب کھڑے ہو جائیں۔
- ایک بچہ سوال پڑھے، جماعت میں موجود جس بچے کے پاس اس کا جواب ہو، وہ بورڈ کے بائیں جانب آ جائے۔
- اسی طرح تمام سوالات اور ان کے درست جوابات کی نشان دہی کروائیں۔
- اس کے بعد صفحہ نمبر 4 پر موجود تمام سوالات کے جواب لکھوانے کے لیے تمام سوالات بورڈ پر لکھ لیں۔
- اس کے بعد ایک ڈبّے میں سب بچوں کے ناموں کی بند پرچیاں ڈالیں۔ کوئی سی ایک پرچی نکالیں۔
- جس بچے کا نام آئے اس سے سوال کا جواب سنیں۔
- وہ بچہ سوال کا جواب بورڈ پر بھی لکھے گا اسی طرح اگلے بچے کے نام کی پرچی نکال کر اس کا نام پکاریں اور سوال کا جواب لکھوائیں۔
- آخر میں بورڈ پر لکھے سوالات کے جوابات کی خواندگی کروانے کے بعد بچوں کو اپنی کاپیوں پر سوالات کے جوابات لکھنے کے لیے کہیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو سوالات کے مختصراً جوابات پڑھا دیں۔

| |
|---|
| **جائزہ:** (5منٹ) بورڈ پر چند سوالات لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے جواب لکھوائیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: دوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ: 1 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 6 | سبق کا نام: حمد | |

**مقاصد:** درست لفظ کی مدد سے مصرعے مکمل کر سکیں۔

کالم الف کو کالم ب سے ملا سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔ صفحہ نمبر 5،4،3۔ شیٹیں

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- پچھلے سبق کے اعادے کے لیے بچوں کے دو گروہ بنا دیں اور دونوں گروہوں کو ایک ایک شیٹ دیں، جن پر دو دو سوال سبق سے متعلق لکھے ہوں۔
- ایک گروہ کے بچوں سے کہیں کہ وہ دوسرے گروہ سے شیٹ پر لکھے ہوئے سبق سے متعلق سوال پوچھیں۔
- دوسرے گروہ کے بچے ان کے جوابات دیں گے۔
- پھر اسی طرح دوسرے گروہ کے بچے پہلے گروہ کے بچوں سے سوال پوچھیں گے اور پہلے گروہ کے بچے ان کے جواب دیں گے۔
- جس گروہ کے بچے سوالات کے درست جواب دیں گے، وہ گروہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔

## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)

- مصرعے مکمل کروانے کی سرگرمی کو مکمل کروانے کے لیے بچوں سے کتاب کا صفحہ 3 کھلوائیں، اور بچوں کو اعادے کے لیے خاموشی سے نظم پڑھنے کو کہیں۔
- اس دوران میں یہ دھیان رکھیں کہ بچے متعلقہ صفحے پر سطر کے نیچے اُنگلی رکھ کے پڑھ رہے ہیں۔
- اگر کسی بچے کو کوئی لفظ پڑھنے میں دقّت پیش آ رہی ہو تو اس کی انفرادی طور پر راہ نمائی کریں۔
- خاموش پڑھائی کے بعد کچھ بچوں سے با آواز بلند متن کی پڑھائی کروائیں۔
- پڑھائی کے دوران میں خیال رکھیں کہ بچے درست تلفظ سے الفاظ ادا کر پا رہے ہوں نیز شعر ترنم سے پڑھتے ہوں۔
- مختلف بچوں کو نظم پڑھنے کا موقع دیں۔
- اس کے بعد کتاب کا صفحہ نمبر 4 کھلوائیں اور بورڈ پر نا مکمل مصرعے لکھ دیں، پہلے ایک مصرعہ خود مکمل کریں پھر باری باری ایک ایک بچے کو بلا کر نا مکمل مصرعوں میں درست لفظ لکھنے کو کہیں۔
- غلط جواب مٹاتے جائیں اور درست جواب لکھا رہنے دیں۔
- آخر میں ان مکمل مصرعوں کی جماعت کو پڑھائی کروائیں۔
- اس کے بعد صفحہ نمبر 5 پر موجود سوال نمبر 3 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے بورڈ پر کتاب میں موجود کالم بنائیں اور بچوں کو ان کی پڑھائی کروائیں۔
- دی ہوئی مثال کو سمجھانے کے بعد متفرق بچوں سے ان مصرعوں کو آپس میں ملوائیں۔
- آخر میں سب سے اچھا کام کرنے والے بچوں کو شاباش دیں۔

| |
|---|
| **اعادہ:**(3منٹ)بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:**(5منٹ)بورڈ پر چند نامکمل مصرعے لکھیں اور بچوں سے ان مصرعوں کی تکمیل کروائیں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ)جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔ |